## باجوڑ ایجنسی میں مسجد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں نماز جنازہ میں خودکش دھماکہ پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

### یہ کونسا اسلام ہے کہ مسجد میں نمازیوں پر خودکش حملے کرکے انکی جانیں لی جائیں، نماز جنازہ کے اجتماع میں شریک سوگواروں کو خاک وخون میں نہلا دیا جائے۔الطاف حسین

### جوعناصر بھی اسلام کا نام لیکر خودکش دھماکے کررہے ہیں یا انکی حمایت کررہے ہیں وہ اسلام یا پاکستان کے دوست نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام اور پاکستان کو بدنام کررہے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے باجوڑ ایجنسی کی مسجد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں نماز جنازہ میں خودکش دھماکہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اوران دھماکوں کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ کونسا اسلام ہے کہ مسجد میں اللہ کی عبادت میں مشغول نمازیوں پرخودکش حملے کرکے انکی جانیں لی جائیں، نماز جنازہ کے اجتماع میں خودکش حملہ کرکے جنازے میں شریک سوگواروں کو خاک وخون میں نہلا دیا جائے اور اپنے ہی کلمہ گو مسلمان بھائیوں کے سرقلم کردیئے جائیں؟انہوں نے کہا کہ یہ اسلام کی خدمت نہیں بلکہ اسلام دشمنی اور انسانیت دشمنی ہے اور جوعناصر بھی بربریت کا یہ عمل کررہے ہیں وہ مسلمان تو کجا انسان بھی کہلانے کے مستحق نہیں۔انہوں نے کہا جوعناصر بھی اسلام کا نام لیکر خودکش دھماکے کررہے ہیں اورخودکش دھماکے کرنے والوں کی حمایت کررہے ہیں وہ اسلام یا پاکستان کے دوست نہیں بلکہ دنیا بھر میں اسلام اور پاکستان کو بدنام کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک اورتمام ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ خودکش حملے کرکے معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے درندہ صفت عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اورانہیں قرار واقعی سزادی جائے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ معاشرے کے تمام طبقوں اورتمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خودکش حملوں اور معصوم انسانوں کے قتل عام کے خلاف آواز احتجاج بلند کریں۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملوں میں جاں بحق ہونیوالے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور مرحومین کیلئے دعائے مغفرت اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کی دعا کی۔

## بنارس چوک پرسی ڈیز مارکیٹوں کے دکانداروں کو طالبان کی دھمکیوں کا نوٹس لیا جائے، اراکین سندھ اسمبلی

### بنارس کی اللہ والی مسجد کا پیش امام مولانا مصباح عالم سی ڈیز کا کاروبار بند کرنے کیلئے دھمکیاں دینے والوں میں شامل ہے جو اس سے پہلے بھی دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث رہا ہے

### جوعناصر کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق سے انکار کررہے ہیں وہ قوم کو نہیں بلکہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں

کراچی۔۔۔21،نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے کراچی کے علاقے بنارس میں سی ڈیز کا کاروبار کرنیوالے دکانداروں کو طالبان کی جانب سے کاروبار بند کرنے کی دھمکیوں کی شدید مذمت کی ہے اورصدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں طالبان کی مسلح کارروائیوں اورطالبانائزیشن کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوردکانداروں اورشہریوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ طالبان کی جانب سے کراچی کے علاقے بنارس چوک پرواقع مدینہ الیکٹرونکس CD مارکیٹ اوراتفاق CD مارکیٹ کے دکانداروں کو طالبان کی جانب سے مسلسل دھمکی آمیز ٹیلیفون موصول ہورہے ہیں کہ CDs کا کاروبار بند کیا جائے، ان دھمکیوں کی وجہ سے ہی مدینہ مارکیٹ اوراتفاق مارکیٹ کی یونینوں نے دکانداروں سے سی ڈیز کا کاربار ختم کرنے کی اپیل کی ہے اورواضح کیا ہے کہ جودکاندار ایسا نہیں کریگا وہ اپنے نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ ان مارکیٹ کے بعض دکانداروں کا کہنا ہے کہ بنارس کی اللہ والی مسجد کا پیش امام مولانا مصباح عالم مارکیٹ کی یونینوں کو سی ڈیز کا کاروبار بند کرنے کیلئے دھمکیاں دینے والوں میں شامل ہے جو اس سے پہلے بھی دہشت گردی کی وارداتوں میں ملوث رہا ہے اورگرفتار ہوچکا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ بنارس چوک پرسی ڈیز کا کاربار کرنیوالے دکانداروں کو کھلی دھمکیاں کراچی میں طالبانائزیشن کا کھلا ثبوت ہیں اورجوعناصر کراچی میں طالبانائزیشن کے حقائق سے انکار کررہے ہیں وہ قوم کو نہیں بلکہ اپنے آپ کو دھوکہ دے رہے ہیں۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیرداخلہ رحمٰن ، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیرداخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سمیت دیگراعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا کہ مدینہ الیکٹرونکس سی ڈیز مارکیٹ اوراتفاق سی ڈیز مارکیٹ کے دکانداروں کو طالبان کی جانب سے

دی جانیوالی دھمکیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور دکانداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور کراچی کو طالبانائزیشن سے پاک کرنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## سٹی ناظم سید مصطفیٰ کمال کے اعزاز میں عوامی استقبالیہ کل جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوگا

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ٹیلی فونک خطاب کریں گے، ورائٹی پروگرام بھی ہوگا

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2008ء۔۔۔سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو دنیا کے تین بہترین میئرز میں شامل ہونے پر متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سٹی ناظم کراچی کو ہفتہ 22 نومبر کو جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایک عوامی استقبالیہ دیا جارہا ہے۔استقبالیہ سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب بھی کریں گے۔ اس موقع پر ایک وارئٹی پروگرام بھی ہوگا جس میں فلم، ٹیلیویژن، اسٹیج اور ریڈیو کے نامور فنکار اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے۔عوامی استقبالیہ کے سلسلے میں جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تیاریاں تیزی سے جاری ہیں اوراس سلسلے میں پنڈال، اسٹیج کی تیاری سمیت جناح گراؤنڈ کی سجاوٹ کا کام تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، تنظیمی کمیٹی اور مختلف شعبوں اور ونگز کے ذمہ داران نے جناح گراؤنڈ کا دورہ کیا اور تیاریوں کا جائزہ لیا۔

## ڈاکٹر فاروق ستار، سلیم شہزاد، شاہدلطیف اور قاسم علی رضا نے جناح گراؤنڈ کا دورہ کرکے تیاریوں کا جائزہ لیا

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، سلیم شہزاد، شاہدلطیف اور قاسم علی رضا نے جمعہ کی شب جناح گراؤنڈ عزیز آباد کا دورہ کرکے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کے اعزاز میں عوامی استقبالیہ کے سلسلے میں جاری تیاریوں کا جائزہ لیا۔وہ کچھ دیر جناح گراؤنڈ میں رہے اورانہوں نے شب وروز تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان سے پنڈال اور اسٹیج کی تیاریوں کے سلسلے میں معلومات حاصل کی اورانہیں ان کی انتھک محنت پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورخراج تحسین پیش کیا اورخود بھی تیاریوں میں حصہ لیا۔اس موقع پر شاہدلطیف نے ڈاکٹر فاروق ستار اور سلیم شہزاد کو استقبالیہ کیلئے اسٹیج اور پنڈال کی تعمیر کے حوالے تیاریوں کے سلسلے میں بریفنگ دی۔جناح گراؤنڈ میں سٹی ناظم کے استقبالیہ کیلئے بڑے پیمانے پر پنڈال تیار کیا جارہا ہے اور شرکاء کی نشستوں کیلئے دس ہزارا کرسیاں لگائی جارہی ہے جبکہ لوہے کے پائپوں کی شیٹرنگ کی مدد سے 50X24 فٹ بڑا اورزمین سے 6 فٹ بلند مضبوط اسٹیج تعمیر کیا جارہا ہے۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کے ذمہ داران کی یونائیٹڈ بینک کی انتظامیہ سے ملاقات

## سرپلس پول قائم کرنے اور یوبی ایل کے ملازمین کے مسائل درپیش مشکلات سے آگاہ کیا

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہرحسین اوراراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے یونائیٹڈ بینک میں سرپلس پول قائم کرکے ملازمین کواس میں ڈالنے کی اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور یونائیٹڈ بینک یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران کے وفد کے ہمراہ یونائیٹڈ بینک کی انتظامیہ سے ملاقات کی اورانہیں یوبی ایل کے ملازمین کے مسائل درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔لیبرڈویژن کے وفد نے انتظامیہ کومشورہ دیا کہ ادارے میں ملازمین کی ٹریننگ کا انتظام کیا جائے تاکہ انکی صلاحیتوں سے بینک بھرپور فائدہ اٹھائے۔وفد نے مزید کہا کہ اعلیٰ تعلیمی استعداد رکھنے والے ملازمین کوفوری طور پر ترقی دی جائے۔اس موقع پر بینک انتظامیہ نے لیبرڈویژن کے وفد کو یقین دلایا کہ ادارے سے کسی ملازم کونہیں نکالا جارہا اور نہ ہی کوئی سرپلس پول قائم کیا جارہا ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ ادارہ بینک ملازمین کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے سے قبل ملازمین کواعتماد میں لیا جائیگا اوران کی مشاورت سے فیصلہ کیا جائیگا۔ جوائنٹ انچارج اوراراکین نے انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور بینک کی ترقی میں انتظامیہ کے شانہ بشانہ چلنے کے عزم کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کی اسپیچ کمیٹی کے رکن ندیم حفیظ کی والدہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، نومبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی اسپیچ کمیٹی کے رکن ندیم حفیظ کی والدہ نجمہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے ندیم حفیظ سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں شریک ہیں اور دکھ اورافسوس کی گھڑی میں آپکے ساتھ ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ

نجمہ بیگم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے   متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی، اسپیچ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان نے بھی ندیم حفیظ کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیو ایم پی اینڈ ٹی یونٹ 7 کے کارکن عاصم امام کے والد شیخ امام الدین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 21، نومبر 2008ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کلفٹن ڈیفنس سیکٹر پی اینڈ ٹی یونٹ 7 کے کارکن عاصم امام کے والد شیخ امام الدین کے انتقال پر گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ ( آمین )

☆☆☆☆☆